کورڈ بلڈ بینک (ناف کی نال سے لیے گئے خون) کا عطیہ دینےکی معلومات

Canadian Blood Service
it's in you to give

کون سے ٹیسٹوں کی ضرورت ہے؟

کینیڈئین بلڈ سروسز کے کورڈ بلڈ بینک کو آپ کے بچے کے کورڈ بلڈ اور آپ کے خون کے کچھ ٹیسٹوں کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ محفوظ کیے جانے کی اہلیت کا تعین کر سکے جیسے کہ:

- جینیٹک مارکر تاکہ عطیہ کنندہ کو مریض سے ملایا جا سکے
- ہیومن ایمینوڈیفیشنسی وائرس (ایچ آئی وی، وہ وائرس جو ایڈز پیدا کرتا ہے)
- ہیپاٹائٹس بی اور سی کے وائرس (ایچ بی وی اور ایچ وی سی)
- ہیومن ٹی- لمفوٹروپک وائرس (یچ ٹی ایل وی)، سیفلس اور ویسٹ نائل وائرس (ڈبلیو این وی)

میری رازداری کیسے رکھی جائے گی؟

کینیڈیئن بلڈ سروسز آپ کی رازداری اور نجی معلومات کی حفاظت کے لیے عمل پیرا ہے۔ براہ مہربانی www.blood.ca/cordblood پر ہمارے رازداری کے نوٹس پر مزید معلومات کا مطالعہ کریں۔

میرے بچے کا کورڈ بلڈ کس لیے استعمال ہو گا؟

کینیڈئین بلڈ سروسز کے کورڈ بلڈ بینک کینیڈا یا دنیا بھر میں کسی بھی غیر متعلقہ سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کی ضرورت رکھنے والے مریض کے لیے کورڈ بلڈ جمع کرتا، اس کا معائنہ کرتا اور محفوظ کرتا ہے ۔ اکثر کورڈ بلڈ دوسرے مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا جیسے کہ معیار پر کنٹرول یا عمل اور ماحاصل کی بہتری کے لیے۔

ہسپتال پر منحصر ہوتے ہوئے آپ کے بچے کا کورڈ بلڈ جمع کیا جاتا ہے، کورڈ بلڈ جو محفوظ کیے جانے کے قابل نہیں ہوتا اسے:

- آپ کی رضامندی کے ساتھ کینیڈین بلڈ سروسز کورڈ بلڈ بینک تحقیقی مقاصد کے لئے استعمال اور / یا تقسیم کرتا ہے،
- آپ کی رضامندی سے ہسپتال کو واپس کیا جاتا ہے جہاں وہ تحقیقی مقاصد کے لئے استعمال اور / یا تقسیم کیا جا سکتا ہے یا،
- ضائع کیا جاتا ہے۔

میں اور کس طرح مدد کر سکتی ہوں؟

آپ اور آپ کے خاندان اور دوست کئی طریقوں سے مدد کر سکتے ہیں:

- سٹیم سیل کا عطیہ دینے کے لئے اندراج کروائیں۔ اگر آپ ۱۷ اور ۳۵ کے درمیان ہیں تو، آپ ون میچ سٹیم سیل اینڈ میرو نیٹ ورک (OneMatch Stem Cell and Marrow Network) میں شامل ہو سکتی ہیں۔ مزید معلومات حاصل کریں www.blood.ca/stem-cells پر۔
- خون کا عطیہ دیں۔ اگر آپ ۱۷ سال یا اس سے زیادہ عمر کی ہیں، تو آپ خون، پلیٹلیٹس یا پلازما کا عطیہ دے سکتی ہیں۔ www.blood.ca پر مزید معلومات حاصل کریں۔
- رضاکار بنیں: www.blood.ca/volunteers

Maternal Education and Recruitment program
provided through the generous support of Bayer Inc.

Bayer

CANADIAN BLOOD SERVICES
CORD BLOOD BANK

Visit blood.ca/cordblood

Download on the App Store | GET IT ON Google play

کینیڈئین بلڈ سروسز کے کورڈ بلڈ بینک کو عطیہ دینے پر غور کرنے کے لئے آپ کا شکریہ۔ امبلیکل کورڈ خون کے سٹیم سیل کا ثابت شدہ ذریعہ ہے جو زندگی بچانے میں مدد کر سکتی ہے۔ آج ہی کورڈ بلڈ کو عطیہ دینے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں www.blood.ca/cordblood

کینیڈئین بلڈ سروسز کا کورڈ بلڈ بینک کیا ہے؟

کینیڈئین بلڈ سروسز کا کورڈ بلڈ بینک:

- مخصوص ہسپتالوں میں بچہ پیدا کرنے والی صحت مند، رضاکار ماؤں کو داخل کرتا ہے؛
- صلاحیت رکھنے والے خون کے سٹیم سیل کو امبلیکل کورڈ اور پلیسنٹا سے جمع، ٹیسٹ اور محفوظ کرتا ہے؛
- کینیڈا یا دنیا بھر میں کسی بھی غیر متعلقہ سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کی ضرورت رکھنے والے مریض کے لیے قانونی سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ یونٹس بناتا ہے؛
- عطیات آپ سے کوئی بھی رقم لیے بغیر جمع کرتا ہے۔ کینیڈئین بلڈ سروسز کا کورڈ بلڈ بینک کسی نجی کورڈ بلڈ بینک کے ساتھ وابستہ نہیں ہے۔ عطیہ شدہ کورڈ بلڈ اپنے ہی خاندان کے استعمال کے لئے محفوظ کرنے کے لیے براہ کرم کسی نجی کورڈ بلڈ بینک کے ساتھ براہ راست انتظامات کو یقینی بنائیں۔

میں اپنے بچے کا کورڈ بلڈ کہاں جمع کروا سکتی ہوں؟

اوٹاوا: اوٹاوا ہسپتال، سیوک کیمپس یا جنرل کیمپس

بریمپٹن - جی ٹی اے: ویلیئم اوسلر ہیلتھ سسٹم، بریمپٹن سوک ہسپتال

ایڈمونٹن: ایلبرٹا ہیلتھ سروسز لوئس ہول ہسپتال برائے خواتین

وینکوؤر: بی سی ومین ہسپتال اور ہیلتھ سینٹر

کیا میں کینیڈئین بلڈ سروسز کے کورڈ بلڈ بینک میں عطیہ دینے کی اہل ہوں؟

آپ عطیہ دے سکتی ہیں اگر آپ:

- صحت مند (ماں اور بچہ) ہیں جنہیں ایسی کوئی طبی بیماری نہیں جو مریض کو منتقل ہو سکے
- 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کی ہیں جس کی رضامندی دستخط ش ہے
- اپنے حمل سے 34 ہفتے پہلے ڈلیوری نہ ہو
- جڑواں یا تین (یا زیادہ) بچے نہ ہوں
- انگریزی یا فرانسیسی زبان آسانی سے سمجھ / بول سکتی ہیں
- پانچ مخصوص ہسپتالوں میں سے کسی ایک میں بچہ پیدا کر رہی ہیں.

اگر آپ کورڈ بلڈ کا عطیہ دینے کی امیدوار ہیں تو اس کے لیے اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کریں۔

کیا میرے یا میرے بچے کے لیے کوئی خطرہ تو نہیں؟ کینیڈئین بلڈ سروسز کا کورڈ بلڈ بینک آپ کے بچے کی پیدائش کے قدرتی عمل میں مداخلت نہیں کرتا۔ آپ اور آپ کے بچے کی صحت کے لئے خطرات بہت کم ہیں ، کیونکہ بلڈ سٹیم سیل آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد ناڑ اور پلیسنٹا سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

میں اپنے بچے کے کورڈ بلڈ کا عطیہ کیسے دوں؟

:اس کے صرف ٤ آسان مراحل ہیں:

مرحلہ ١

اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر سے بات کریں، وہ آپ کو مطلوب معلومات دیں گے۔ یا معلوماتی کٹ ہماری ویب سائٹ سے حاصل کریں۔ www.blood.ca/cordblood

مرحلہ ٢ پلاسینٹا

رضامندی فارم پر کریں۔ اسے اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کو دیں یا ڈیلیوری کے دن اپنے ساتھ لائیں۔ اپنی نرس یا اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کو اپنے عطیہ دینے کے ارادے کے بارے میں بتائیں۔

مرحلہ ٣

کورڈ بلڈ کا جمع کرنا۔ کورڈ بلڈ مخصوص ہسپتال میں مستند ماہر کے ذریعے جمع کیا جائے گا۔

مرحلہ ٤

اگر آپ کے بچے کا بلڈ یونٹ منتخب ہوتا ہے تو نرس آپ کے ہسپتال سے جانے سے پہلے مزید معلومات اکٹھا کرنے کے لیے آ سکتی ہے جو مشتمل ہے دوئم رضامندی، بلڈ ورک اور سوالنامہ پر۔

کورڈ بلڈ سٹیم سیل کیا ہے؟

کورڈ بلڈ سٹیم سیل ایسے نابالغ خلیے ہیں جو گردش خون میں پائے جانے والے خلیے: سرخ خلیے جسم میں آکسیجن، خون جمانے کے لیے پلیٹلیٹ اور انفیکشن سے لڑنے والے سفید خلیے ، پیدا کرتے ہیں۔